ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(67)

30-01-2023

بہاول پور ( ) آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد۔ پولیس کے چاق وچوبند دستے کی سلامی، اپنے فرائض کے ساتھ ساتھ فٹنس اور ڈسپلن پر خصوصی توجہ دی جائے، ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایت پر علی الصبح ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ جنرل پریڈ میں ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ، ڈولفن فورس اور ٹریفک اسٹاف نے شرکت کی۔ پولیس کے چاق وچوبند دستوں نے پریڈ کی اور جنرل سلامی دی افسران نے جنرل پریڈ کا ملاحظہ اور ٹرن آوٹ چیک کیا۔ جنرل پریڈ کا مقصد آفیسران و جوانوں کی جسمانی فٹنس کو برقرار رکھنا ہے انہوں نے پریڈ میں شامل آفیسران اور جوانوں سے کہا کہ اپنی صحت اور فٹنس کا خاص خیال رکھیں تا کہ آپ بہتر چاق وچوبند ہو کر فرائض سرانجام دے سکیں۔ بعدازاں ایم ٹی سیکشن میں سرکاری وہیکلز کا معائنہ کیا گیا اور ڈرائیوروں کو سرکاری وہیکلز کی حفاظت کے بارے ہدایات دی گئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد، پولیس کے چاق وچوبند دستے کی سلامی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (68)

30-01-2023

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری، 16 ملزمان گرفتار، 170 لیٹر دیسی شراب، 05 عدد پسٹل 30 بور، 01 بندوق 12 بور اور 120 گرام چرس برآمد، مقدمات درج ۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے بھاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کرکے ان سے منشیات برآمد کرلی۔تھانہ سٹی حاصلور، صدر حاصلپور اور کوتوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 170 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔تھانہ صدر حاصلپور، صدر احمد پور اور قائمپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 06 ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور اور 01 بندوق 12 برآمد کرلیا۔جبکہ تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 01 ملزم کو گرفتار کرکے 120 گرام چرس برآمد کر لی۔تھانہ سول لائنز پولیس نے پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف کاروائی کرتے ہوئے 03 ملزمان اور کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 01 ملزم کو گرفتار کرلیا۔تھانہ صدر بہاولپور اور چنی گوٹھ پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے والے 02 ملزم کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کرلیے گئے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری، مختلف مقدمات میں 16 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(69)

30-01-2023

بہاولپور(   )ڈی پی او عبادت نثار نے ضلع کے تمام تجارتی مراکز اور بڑی چھوٹی مارکیٹوں کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات جاری کر دیئے، ایس ڈی پی اوز تجارتی مراکز، کاروباری مارکیٹوں کا سیکورٹی آڈٹ کریں اور تاجر تنظیموں کے ساتھ مل کر زیادہ سے زیادہ سی سی ٹی وی کیمرے نصب کروائیں۔ پٹرولنگ کرنے والے پولیس افسران اپنے علاقوں کے تجارتی مراکز کی سیکیورٹی چیکنگ کے ذمہ دار بھی ہوں گے، پولیس افسران تاجر برادری کو سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اعتماد میں لیں،ڈی پی او کی پولیس افسران کو ہدایات جاری۔

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی ہدایات کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار معاشرے کے ہر طبقہ کے جان ومال کے تحفظ کے لئے کمیونٹی پولیسنگ کی پالیسی کو جاری رکھے ہوئے ہیں، انہوں نے ضلع بھر کے اہم تجارتی مراکز اور کاروباری مارکیٹوں کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ضلع پولیس کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تجارتی مراکز اور کاروباری مارکیٹوں کی مئوثر سیکیورٹی ناگزیر ہے۔تاجر اور چھوٹے دوکاندار ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، تاجر اور چھوٹے دوکاندار مکمل احساس تحفظ کے ساتھ ملک کی معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں، ڈی پی او نے کہا کہ تجارتی مراکز اور کاروباری مارکیٹوں میں سیکیورٹی کے حوالے سے وہ تمام ایس او پیز پورے ہونے چاہیئں جنہیں تجارتی مراکز کی سیکورٹی کے حوالے سے لازمی قرار دیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ پولیس پٹرولنگ پر جو افسران مامور ہوں گے وہ تجارتی مراکز اور کاروباری مارکیٹوں کی سیکیورٹی چیکنگ کے بھی ذمہ دار ہوں گے، ڈی پی او نے کہا کہ سیکیورٹی پر تعینات پولیس والے ہوں یا تاجر برادری کے نجی سیکیورٹی گارڈز، سب کا ہر قسم کے حالات کے حوالے سے تیار اور ہائی الرٹ رہنا ضروری ہے، ڈی پی او نے مزید ہدایت کی کہ ایس ڈی پی اوز خود نکلیں اپنے سرکلز میں واقع تجارتی مراکز اور کاروباری مارکیٹوں کی سیکیورٹی چیک کریں، پولیس افسران کاروباری برادری سے قریبی رابطہ رکھتے ہوئے انہیں سیکورٹی کے حوالے سے اٹھائے جانے والے اقدامات سے آگاہ کریں، بہاولپور پولیس تاجر برادری کے ساتھ مل کر اطمینان بخش سیکیورٹی انتظامات یقینی بنائے گی۔

ترجمان بہاولپور پولیس